

23


# کپڑا سجا کیسے

ساجدہ کی آپا نے اس کو ایک بہت خوبصورت دوپٹہ دیا۔ دوپٹے کے اوپر خوبصورت کڑھائی تھی اور شیشے بھی لگے تھے۔ رات کو کھانا کھانے کے بعد ساجدہ دوپٹہ الگ الگ طرح سے اوڑھ کر کھیلنے لگی۔ کھیلتے کھیلتے تھک گئی تو وہ دوپٹہ اوڑھے ہی سوگئی۔ خواب میں وہ سوچنے لگی۔ اتنا خوبصورت دوپٹہ کیسے بنا ہوگا؟





ساجدہ کا دوپٹہ کیسے بنا ہوگا؟




* تم بھی ایک دوپٹے یا کوئی تھوڑا لمبا بغیر سلا کپڑا لو۔ اسے الگ الگ طرح سے پہن کر دیکھو۔ کتنی طرح سے پہن پائے؟
* کیا کسی نے اسے لنگی بنا کر یا صافہ بنا کر پہنا؟ دوپٹے کو اور کیسے کیسے پہنا؟
* اپنے گھر میں کوئی چھ کپڑے دیکھو۔ تم نے کپڑوں میں کیا کیا فرق محسوس کیا؟ جیسے چھونے میں، رنگ میں، نمونے میں؟



* کسی موٹے کپڑے کو غور سے دیکھو۔ کیا تمہیں کھڑے اور لیٹے دھاگے دکھائی دیئے؟ کسی بھی کپڑے کو نزدیک سے دیکھو گے تو تمہیں ایسی ہی بناوٹ دکھائی دے گی۔

© NCERT not to be republished



تم بھی اسی طرح کاغذ کی پٹیوں کو بن کر دیکھو۔

## * کاغذ سے بُنائی

1۔ دو الگ الگ رنگ کے کاغذ لو۔

2۔ ایک کاغذ پر کھڑی لکیریں کھینچو اور دوسری پر لیٹی۔

3۔ دونوں کاغذوں پر کھینچی گئی لکیروں کاٹو۔ خیال رہے کہ پٹیاں الگ نہ ہو جائیں۔

4۔ دونوں کاغذوں کو ایک دوسرے کے اوپر رکھ کر ان کے دو کنارے (جنہیں تصویر میں رنگین دکھایا گیا ہے) آپس میں جوڑو۔

5۔ اب کٹی ہوئی پٹیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ بُن کر چٹائی بناؤ۔

6۔ اس کے کنارے پر ایک کاغذ کا حاشیہ یا ٹیپ چپکا دو، جس سے وہ کھل نہ سکے۔

## * کپڑے پر چھپائی



تم نے 'پودوں کی پری' سبق میں کپڑوں پر بنے پھول، پتیوں کے نمونے بھی دیکھے۔ کٹی ہوئی سبزیوں کی مدد سے تم بھی کچھ نمونے بناؤ۔

گوبھی کے پھول یا بھنڈی کو بیچ سے کاٹو۔ ان پر گیلے رنگ لگا کر کاغذ یا کپڑے پر ٹھپّے لگا کر اپنی پسند کے نمونے بناؤ۔

بچوں کے ذریعہ کی گئی 'کاغذ کی بنائی' اور 'کپڑے پر چھپائی' روایتی فن کو فروغ دے گا۔ اس سے بچوں کو اپنا فن دکھانے کا موقع بھی ملے گا۔



© NCERT not to be republished